17/05/2026

12:30 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں بلال وانی

Census

جموں کشمیر میں مُردم شماری 2027 کا عمل آج سے دو مراحل میں شروع ہو رہا ہے۔ پہلے مرحلے میں مکانوں کا شمار کیا جائے گا اور پھر دوسرے مرحلے میں انسان آبادی کو گِنا جائے گا۔

مکانوں کے شمار کے سلسلے میں لوگوں کو آج یعنی17 مئی سے ازخود ڈیٹا فراہم کرنے کا موقع دیا جا رہا ہے اور وہ یہ کام محکمہ کی ویب سائٹ www.se.census.gov.in پر جا کے کر سکتے ہے۔

اس کے بعد یکم جون سے متعلقہ عملہ جا کر بھی مکانوں کا شمار کرینگے۔ لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنی تفصیلات کا صحیح صحیح اندراج یقینی بنانے میں بھر پور تعاون کریں۔

LG

نشہ مکت جمونوکشمیر ابھیان کے تحت زائد از ایک مہینے کے عرصے کے دوران یوٹی کے مختلف اضلاع میں پد یاترائیں منعقد کی جا چکی ہے جن میں کروڑوں لوگوں نے اپنی سرگرم شرکت دکھا کر منشیات کے خلاف اپنے بھر پور عزم کا اظہار کیا ہے۔

اس دوران سیول اور پولیس انتظامیہ کے اہتمام سے مختلف سرگرمیاں جاری ہیں، جن کے تحت نہ صرف سمگلروں کا قافیہ حیات تنگ کیا گیا ہے بلکہ نشہ آور فصلوں کو تباہ کرنے کےلئے بھی جنگ چھیڑی گئی ہے۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام

----(DRUGS)--LG------

وکرم جیت

صنعت و تجارت کے کمشنر سیکریٹری وکرم جیت سنگھ نے پلوامہ ضلعے میں نشہ مکت بھارت ابھیان کی سرگرمیوں کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیا۔ انہوں نے زمینی سطح پر جانکاری عام کر کے نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کی ضرورت اجاگر کی۔

ادھر ضلع شوپیان میں نشے سے پاک سماج کی تعمیر کیلئے منشیات کے خلاف بیداری پیدا کرنے کی غرض سے کینڈل مارچ نکالے گئے۔ان پروگراموں میں مقامی لوگوں نے بڑھ چڑھ کر شرکت کی۔

جاوید ڈار

زراعت اور دیہی ترقی کے وزیر جاوید احمد ڈار نے ماحولیاتی اعتبار سے جموں کشمیر کے حساس علاقوں میں ماحولیاتی توازن یقینی بنانے اور حیاتیاتی تنوع کو برقرار رکھنے کیلئے پرندوں کے وجود اور ان کا تحفظ یقینی بنانے کے انتہائی نا گزیر قرار دیا ہے۔

سکاسٹ کشمیر مینپرندوں سے متعلق منعقدہ قومی سمپوزیم کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے تحفظاتی منصوبے اور تحقیق کے عمل کو مضبوط کرنے پر زور دیا۔

اس موقعے پر جانکاری دی گئی کہ جموں کشمیر کے مختلف ماحولیاتی نظاموں میں پرندوں کی قریب600 اقسام بود و باش کر رہی ہیں۔

ٹیلی مواصلات

آج پوری دنیا میں ٹیلی مواصلات اور انفارمیشن سوسائٹی کا دن منایا جا رہا ہے۔ آج کے دن انٹرنیٹ اور انفارمیشن نیز مواصلاتی ٹیکنالوجی کے اُن امکانات کے بارے میں جانکاری پھیلائی جا تی ہے، جو معاشرے اور ملکوں کےلئے فائدہ مند ہیں۔

بھارت بھی اس موقعے پر اپنے اُس ڈیجیٹل سفر کا جشن منا رہا ہے جسکی بدولت نہ صرف ہمارے شہری با اختیار بن گئے ہینبلکہ ڈیجیٹل شعبے میں ہم ایک عالمی رہنما کے بطور اُبھر رہے ہیں۔

اسی دوران آج دی انسٹی چیوشن آف انجینئرس کے ریجنل سینٹر سرینگر میں بھی ایک تقریب منعقد ہو رہی ہے جہاں انفارمیشن ٹیکنالوجی کے وزیر ستیش شرما مہمان ِخصوصی ہونگے۔

ہائپر ٹنشن

آج ہائپر ٹنشن بیماری سے متعلق بیداری کا دن بھی ہے۔ اس موقعے پر اس بیماری سے بچنے کے بارے میں احتیاطی تدابیر اور علاج و معالجے کو اُجاگر کیا جاتا ہے۔

ماہرین طب نے کہا ہے کہ پوری دنیا میں ہائپر ٹنشن یعنی بلند فشارِ خون کے مریضوں میں لگا تار اضافہ ہو رہا ہے،تاہم طرز زندگی میں بدلاؤ لانے سے اس بیماری سے بچاجا سکتا ہے۔

بانڈ ی پورہ

ایم ایل اے بانڈی پورہ نظام الدین بٹ نے کھیل کود اور باغبانی کے مشاغل کے ذریعے نوجوانوں کی ترقی یقینی بنانے پر زور دیا ہے۔

فٹ بال ٹرائلز کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے KCFL شیر کشمیر سٹیڈیم بانڈی پورہ میں نوجوانوں کو ایک با معنی پلیٹ فارم فراہم کرنے پر سپورٹس کونسل کی سراہنا کی۔

شاہد سلیم

کے منیجنگ ڈائریکٹر محمد شاہد سلیم نے صنعتی مرکز SICOP اور SIDCO جموں کشمیر سیمپورہ ، کھنموہ اور رکھ گنڈ اکشا کا دورہ کر کے ان صنعتی مراکز میں بنیادی ڈھانچے کے ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

سرینگر کے مضافات میں قائم ہو رہے یہ تینوں صنعتی مراکز ہزاروں کروڑ روپے کی سرمایہ کاری حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

فوج

فوج میں بھرتی کےلئے آن لائن مشترکہ داخلہ امتحان اس سال ایک سے12جون تک لیا جائے گا جس کےلئے اُمید واروں نے جوائن انڈین آرمی پورٹل کے ذریعے کرایا ہے۔

متعلقہ اُمید وار اسی پورٹل سے اپنے ایڈمٹ کارڈ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں جبکہ اس پورٹل پر سوالنامے بھی دستیاب ہیں-Sample

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....